ریاست نیو یارک

ایگزیکٹو چیمبر

البانی 12224

کیتھی ہوکل
گورنر

11 اپریل، 2024

محترم ہائی اسکول سینئر:

کیا آپ جانتے ہیں کہ ریاست نیو یارک میں سال 2022 کے دوران وفاقی پیل گرانٹ (Federal Pell Grant) فنڈنگ کی مد میں موجود 200$ ملین سے زیادہ کی رقم دعوے سے محروم رہی؟ یہ سچ ہے! ایسے طلباء جو FAFSA مکمل نہیں کرتے، وہ وفاق اور ریاستِ نیو یارک کی حکومتوں کی جانب سے مالی اعانت وصول کرنے کے قیمتی مواقع کھو دیتے ہیں۔

یہی وجہ ہے کہ میں آج آپ کو یہ خط تحریر کر رہی ہوں تاکہ میں آپ کو studentaid.gov پر موجود طلباء کی وفاقی اعانت کے لیے مفت درخواست (Free Application Federal Student Aid, FAFSA) مکمل کرنے کے لیے ترغیب دلا سکوں۔ نیو یارک کی گورنر ہونے کے ناطے، میں طلباء کو کالج کے حوالے سے اپنے خوابوں کو تعبیر کا روپ دینے کے لیے درکار مالی اعانت کی وصولی میں مدد کرنے کے لیے پرعزم ہوں۔

FAFSA کے لیے درخواست دینا ان وفاق اور ریاستی وسائل تک رسائی کی جانب کلیدی قدم ہے جو طلباء کی مدد کے لیے تشکیل دیے گئے ہیں۔ درخواست دینے کے لیے ہم تمام اہل طلباء کی حوصلہ افزائی کرتے ہیں، تاکہ یہ یقینی بنا سکیں کہ وہ اپنے تعلیمی اہداف تک پہنچنے کے لیے دستیاب مالی اعانتوں کا بھرپور فائدہ اٹھاتے ہوں۔ ہم مل جل کر ان مواقع کے بارے میں آگاہی پیدا کر سکتے ہیں اور آپ اور آپ کے خاندان پر مالی بوجھ کم کر سکتے ہیں۔

میں جانتی ہوں کہ کالج اور مالی امداد کے لیے درخواست دینا حوصلہ پست کرنے کی مانند محسوس ہوتا ہے لیکن ہم یہاں پر آپ کی مدد کے لیے موجود ہیں۔ ریاست نیو یارک کے ہائیر ایجوکیشن سروسز کارپوریشن (Higher Education Services Corporation, HESC) کے پاس 24 سے زیادہ گرانٹ، اسکالرشپ اور قرض کی معافی کے پروگرامز موجود ہیں جو ہر سال نیو یارک کے 330,000 سے زائد طلباء کو اپنے تعلیمی اہداف پورے کرنے میں معاونت کرتے ہیں۔ HESC ایسے وسائل فراہم کرتا ہے کہ جن کے ذریعے مالی امداد کے ہر مرحلے پر آپ کی رہنمائی کی جا سکے، نیز یہ آپ کو مالی امداد کے بارے میں کلیدی معلومات، اہم حتمی تواریخ، اور وسائل کے حامل ٹیکسٹ پیغامات موصول کرنے کا موقع دیتا ہے تاکہ یہ یقینی بنایا جائے کہ آپ اپنے کالج کے کیریئر کی جانب درست راستے پر ہیں۔ آپ NYS کی مالی امداد اور اپنے لیے دستیاب وسائل کے بارے میں hesc.ny.gov پر مزید جان سکتے ہیں۔

یاد رکھیں کہ مالی امداد آپ کے لیے دستیاب ہے، لیکن آپ کو اس کے لیے درخواست دینا ہو گی۔ FAFSA کو مکمل کریں اور اپنے لیے دستیاب تمام تر مالی امداد کے مواقع سے فائدہ اٹھائیں۔ کالج جانے کے لیے درکار فنڈنگ کا دعویٰ کرنے کے موقع کو ہاتھ سے مت جانے دیں۔ ہم آپ کی کامیابی کے متمنی ہیں!

خیر اندیش،

Kathy Hochul

Kathy Hochul
گورنر

ریسائیکل شدہ کاغذ پر پرنٹ کردہ